09

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | 0 | 3 | 1 |

# اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________

Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | جملہ اسمیہ میں "مسند الیہ" کو کیا کہتے ہیں؟ | فعل ناقص | فاعل | خبر | مبتدا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 2. | تشبیہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟ | تین | چار | پانچ | چھ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 3. | کسی مقررہ موضوع پر اپنے خیالات، جذبات، احساسات یا تاثرات کا نثر میں تحریری اظہار کیا کہلاتا ہے؟ | خاکہ | مضمون | افسانہ | ناول | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 4. | نظم کے لیے کس کی پابندی ضروری نہیں ہوتی؟ | قافیہ ورد یف | مطلع و مقطع | ہئیت و موضوع | تنظیم و ترتیب | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 5. | درج شدہ میں سے جملہ معترضہ کی نشاندہی کیجیے۔ | عامر (مشہور کھلاڑی) ہمارے سکول آئے | عامر باکمال شخص ہیں | عامر تیز کھیلتے ہیں | عامر مجھے بہت پسند ہیں | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 6. | استعارہ میں کس کا ذکر ہوتا ہے؟ | غرضِ تشبیہ | حرف تشبیہ | مستعارلہٗ | مستعارمنہ' | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 7. | "سبب بول کر مسبّب مراد لینا" کو قواعد میں کیا کہیں گے؟ | کنایہ | تشبیہ | استعارہ | مجازِ مرسل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 8. | غزل کے جس شعر میں دونوں مصرعے ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں، قواعد کی رو سے اسے کیا کہتے ہیں؟ | مطلع | مطلع ثانی | مقطع | آخری شعر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 9. | غیر مردّف غزل کس غزل کو کہتے ہیں؟ | جس میں مطلع نہ ہو | جس میں مقطع نہ ہو | جس میں قافیہ نہ ہو | جس میں ردیف نہ ہو | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 10. | غزل کا یہ شعر قواعد کی رو سے کیا ہے؟ ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے / آئے تو سہی، بر سر الزام ہی آئے | مطلع | مقطع | عام شعر | آخری شعر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 11. | "کرکٹ ٹیم 120 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی"۔ قواعد کی رو سے یہ جملہ ____ ہے۔ | قانونی | صحافتی | دفتری | تکنیکی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 12. | بس میں لٹک رہا تھا کوئی ہار کی طرح / کوئی پڑا تھا سایہء دیوار کی طرح / اس شعر میں "ہار اور دیوار" کو قواعد کے لحاظ سے کیا کہیں گے؟ | قافیہ | ردیف | محاورہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 13. | "مسجد میں ______ دھرنے کی جگہ نہ تھی"۔ جملے کو روزمرہ کے اعتبار سے درست لفظ چن کر مکمل کریں۔ | سوئی | تنکا | تِل | زیرہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 14. | الفاظ کا ایسا مجموعہ جو اہل زبان کی بول چال کے مطابق ہو اور اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | محاورہ | روزمرہ | ضرب المثل | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 15. | جملہ اسمیہ کے کون سے تین بنیادی اجزا ہوتے ہیں؟ | مسند، خبر، فعل ناقص | مبتدا، خبر، فعل ناقص | مبتدا، مسند الیہ، فعل | فاعل، فعل، مفعول | ○ | ○ | ○ | ○ |



FBISE PAST PAPERS

## اردو (لازمی) ایس ایس سی - II

وقت: 2:40 گھنٹے　　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۲: الف۔　حصہ نثر

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** **(7 x 2 = 14)**

عام طور پر انسان فطرتاً کاہل اور کام چور واقع ہوا ہے، لیکن نام دیو کو کبھی کچھ کہنے سُننے کی نوبت نہ آئی، وہ دنیا ومافیہا سے بے خبر اپنے کام میں لگا رہتا، نہ ستائش کی تمنا نہ صلے کی پرواہ۔ ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باؤلیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے، جو بچ رہے، وہ ایسے نڈھال اور مُرجھائے تھے جیسے بہت دِن کے بیمار۔ لیکن نام دیو کا چمن ہرا ابھرا تھا وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کر لاتا اور اپنے پودوں کی پیاس بجھاتا۔ جب پانی کی قلت بڑھی تو اُس نے راتوں کو بھی پانی ڈھوڈھو کے لانا شروع کیا۔ پانی کیا تھا، یوں سمجھیے کہ آدھا پانی اور آدھی کیچڑ ہوتی تھی لیکن یہی گدلا پانی پودوں کے حق میں آب حیات تھا۔ میں نے اس بے مثل کارگزاری پر اسے انعام دینا چاہا تو اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ شاید اُس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کے پالنے پوسنے میں کوئی انعام کا حق دار نہیں ہوتا۔

**سوالات:**

(i) اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔

(ii) بارش کم ہونے کا کیا نتیجہ نکلا؟

(iii) نام دیو پانی کہاں سے اور کیسے لاتا تھا؟

(iv) نام دیو کا چمن ہرا ابھرا کیوں تھا؟

(v) نام دیو نے کیا کہہ کر انعام لینے سے انکار کر دیا؟

(vi) "آبِ حیات" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ اور اس کے معنی کیا ہیں؟

(vii) مصنف کے مطابق انسان فطرتاً کیسا ہے؟

(viii) نام دیو کی مصروفیت کیا ہوتی تھی؟

(ix) پانی کی قلت کے زمانے میں نام دیو پودوں کو کیسا پانی دیتا تھا؟

ب۔　حصہ شعر

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ اجزا کے جوابات لکھیں۔** **(5 x 2 = 10)**

(i) آدمی آدمی سے ملتا ہے　　دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(ii) فاطمہ! گو شبنم افشاں آنکھ تیرے غم میں ہے　　نغمۂ عشرت بھی اپنے نالۂ ماتم میں ہے

(iii) اسی نے ایک حرف کُن سے پیدا کر دیا عالم　　کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

(iv) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا　　کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(v) دھوپ کے جھلسے ہوئے رُخ پر مشقت کے نشاں　　کھیت سے پھیرے ہوئے منہ، گھر کی جانب ہے رواں

**سوالات:**

(i) پہلے شعر میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(ii) شاعر نے فاطمہ کو کیسے خراجِ تحسین پیش کیا ہے؟　　بحوالہ شعر (ii)

(iii) حرفِ کُن کا مفہوم واضح کریں۔　　بحوالہ شعر (iii)

(iv) دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟　　بحوالہ شعر (iv)

(v) کھیت سے منہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے؟　　بحوالہ شعر (v)

(vi) شعر نمبر (v) کا مرکزی خیال لکھیے۔

ورق الٹیے

ج۔ **حصہ قواعد**

**درج ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔** (3 x 2 = 06)

(i) مرکب ناقص اور مرکب تام میں فرق دو دو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

(ii) درج شعر میں قافیہ اور ردیف کی نشاندہی کریں۔

بچھڑ گیا ہوں مگر کارواں سے دور نہیں
یہ خاک قافلہ رُفتگاں سے دُور نہیں

(iii) ''گاڑی نئی ہے۔''اس جملے کی ترکیبِ نحوی کریں۔

(iv) استعارہ کیا ہے؟ اس کے ارکان کی وضاحت ایک مثال کے ذریعے کیجیے۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۳: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔** (05)

**(الف)۔** آج ہی دوپہر کو تو چچا جان کی بیماری کا خط ملا تھا۔ امی جان کا خیال ہے کہ اگر گھر سے کوئی انھیں دیکھنے چلا جاتا تو اچھا تھا، ورنہ وہ یہی کہیں گے کہ ہم نے تو بھائی کے مرنے کے بعد بھاوج اور بھتیجے بھتیجیوں کا خیال کیا کہ پیسے کو پیسا نہ سمجھا لیکن وہی بُرے وقت کے ساتھی نہیں۔ بس وہ اتنا ہی سُن کر جانے کو تیار ہو گئی۔ امّی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ کر رکھے تھے، سو نکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ۔ عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا۔ بس یہی ان کی بات تو مجھے زہر معلوم ہوتی ہے۔ جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں۔

**(ب)۔** توپ کاپی میں آثارِ قدیمہ کے ایک عجائب گھر کے علاوہ فوجی عجائب خانہ بھی علیحدہ موجود ہے، جو ''او قاف'' کہلاتا ہے۔ اسلامی ترکی آرٹ، ادب اور نقاشی نیز مصوری کے بھی حیرت انگیز نمونے موجود ہیں۔ اسلامی علوم و فنون اور ثقافت کو آگے بڑھانے میں سلاجقہ ترک، بالخصوص عثمانی حکمرانوں کا کردار بہت نمایاں ہے۔ اُنھی کے علمی ذوق کی وجہ سے استنبول کا عجائب خانہ توپ کاپی، جہاں نوادِر اور آثارِ قدیمہ کا مشہورِ عالم مرکز بنا، وہاں علم و فن کے بیش بہا ذخیروں اور نادر کتابوں کا بھی مخزن بنا۔

سوال نمبر ۴: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔** (05)

**(الف)۔**
گرداب پر تھا، شعلۂ جوالہ کا گماں
انگارے تھے حَباب، تو پانی شَرر فشاں
منھ سے نکل پڑی تھی، ہراک موج کی زباں
تہ پر تھے سب نہنگ، مگر تھی لبوں پہ جاں
پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی
ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

**(ب)۔**
جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسنِ فطرت کا گواہ
ماہ کا دِل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ
دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر
دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر
لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو
جِس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ وبُو

سوال نمبر ۵: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** (05)

**(الف)۔**
ہونٹوں پہ کبھی اُن کے ،مرا نام ہی آئے
آئے تو سہی، برسرِالزام ہی آئے
حیران ہیں، لب بستہ ہیں، دل گیر ہیں غنچے
خوشبو کی زبانی، ترا پیغام ہی آئے

**(ب)۔**
رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شانِ رنگینیِ حُسنِ چمن آرا بھی نہیں
بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام
کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

سوال نمبر ۶: ''سچائی کی برکت'' کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ (05)

**یا**

پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام ڈاکیے کی شکایت کی درخواست تحریر کریں۔

سوال نمبر ۷: **دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں:** (10)

**الف۔ وقت کی پابندی**

خاکہ:

(i) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں
(ii) نظامِ کائنات اور وقت کی پابندی
(iii) کسان اور طالبعلم کے لیے وقت کی اہمیت
(iv) مسلمانوں کی عبادات میں وقت کی پابندی کا درس
(v) پابندیٔ وقت۔ کامیابی کی ضمانت

**ب۔ تعلیمِ نسواں**

خاکہ:

(i) مرد و عورت انسانی گاڑی کے دو پہیے
(ii) جاہلیت ملک و ملت کے لیے رسوائی کا باعث
(iii) تعلیم یافتہ عورت۔ روشن ستارہ
(iv) اسلام میں عورت کی تعلیم کی اہمیت
(v) دورِ حاضر کا تقاضا تعلیم یافتہ ماں



EBISE PASTPAPERS

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | 0 | 3 | 1 |

# اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

**وقت: 20 منٹ**

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________

Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | "فریحہ نے خیرات دی"۔ یہ کون سا جملہ ہے؟ | فعلیہ جملہ | اسمیہ جملہ | ناقص جملہ | ندائیہ جملہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 2. | تشبیہ میں مشترک خوبی کو کیا کہتے ہیں؟ | مشبّہ | مشبّہ بہ | حرفِ تشبیہ | وجہ شبہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 3. | وہ فرضی کہانی جو مختصر، دلچسپ اور واقعاتی لحاظ سے زندگی کے کسی پہلو پر روشنی ڈالے، کیا کہلاتی ہے؟ | خاکہ | افسانہ | مضمون | ناول | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 4. | ایسی غزل جس میں ردیف نہ ہو، اسے اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟ | غیر حقیقی | غیر مجازی | غیر مردّف | غیر ارادی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 5. | "امجد (خدا بخش) بڑے باکمال انسان تھے"۔ میں "خدا بخش" کیا ہے؟ | مکمل جملہ | معترضہ جملہ | قانونی جملہ | تکنیکی جملہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 6. | استعارہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟ | تین | چار | پانچ | چھ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 7. | "شیر جنگل میں رہتا ہے" یہ مجاز مرسل کی کون سی صورت ہے؟ | جزو بول کر کل مراد لینا | کل بول کر جزو مراد لینا | ظرف بول کر مظروف مراد لینا | مسبب بول کر سبب مراد لینا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 8. | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، قواعد کی رو سے اسے کیا کہیں گے؟ | مطلع | مقطع | مطلع ثانی | حسن مطلع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 9. | شعر کے آخر میں آنے والے ایک جیسے لفظ یا الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟ | قافیہ | ردیف | مطلع | مقطع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 10. | یہ شعر قواعد کی رو سے کیا ہے؟ مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے / تیری آرزو رہنما ہوگئی ہے | مطلع | مقطع | عام شعر | آخری شعر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 11. | "آئندہ ہفتے موسم ابر آلود رہے گا"۔ قواعد کی رو سے یہ کون سا جملہ ہے؟ | قانونی | دفتری | تکنیکی | صحافتی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 12. | طے کر چکا جو منزلِ شب، کاروانِ صبح / ہونے لگا افق سے ہویدا، نشانِ صبح / درست ردیف کی نشاندہی کیجیے۔ | منزل | اُفق | صبح | نشان | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 13. | "علی ناک پر ______ نہیں بیٹھنے دیتا"۔ جملے کو روز مرہ محاورہ کے اعتبار سے درست لفظ چن کر مکمل کریں۔ | جراثیم | مچھر | مٹی | مکھی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 14. | "الفاظ کا ایسا مجموعہ جو اہل زبان مجازی معنوں میں استعمال کرتے ہیں"۔ کیا کہلاتا ہے؟ | محاورہ | روزمرہ | ضرب المثل | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 15. | جملہ اسمیہ کے کون سے تین بنیادی اجزا ہوتے ہیں؟ | مسند، خبر، فعل ناقص | فاعل، فعل، مفعول | مبتدا، مسند الیہ، فعل | مبتدا، خبر، فعل ناقص | ○ | ○ | ○ | ○ |

—2SA-I 2303 HA—



FBISE PAST PAPERS

## اردو(لازمی) ایس ایس سی - II

وقت: 2:40 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۲: **الف۔** حصہ نثر

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** **(7 x 2 = 14)**

ایک دن شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے، وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلّڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا، اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔ وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جُھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔ گرمی ہو یا جاڑا، دھوپ ہو یا سایہ، وہ دن رات برابر کام کرتا رہا۔ اسے کسی سے بیر تھا نہ جلاپا۔ وہ سب کو اچھا سمجھتا اور سب سے محبت کرتا تھا۔ اسے یہ کبھی احساس نہ ہوا کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے نیکی اسی وقت تک نیکی ہے، جب تک آدمی کو یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔ جہاں اس نے یہ سمجھنا شروع کیا، نیکی نیکی نہیں رہتی۔

**سوالات:**

(i) اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔

(ii) نام دیو کی موت کی وجہ کیا تھی؟

(iii) نام دیو کس طبیعت کا انسان تھا؟

(iv) ''قضا سر پر کھیلنا'' قواعد کی رو سے کیا ہے؟ اور اس کے معنی کیا ہیں؟

(v) شہد کی مکھیوں کے حملے پر باقی مالیوں نے کیا کیا؟

(vi) نیکی کب تک نیکی رہتی ہے؟

(vii) ''اسے کسی سے بیر تھا نہ جلاپا'' کا مفہوم واضح کریں۔

(viii) نام دیو مالی اپنے غریب بھائیوں کی مدد کیسے کرتا تھا؟

(ix) نام دیو کا اپنے کام سے لگاؤ کیسا تھا؟

**ب۔** حصہ شعر

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ اجزا کے جوابات لکھیں۔** **(5 x 2 = 10)**

(i) تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور — دیدۂ انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور

(ii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

(iii) غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو — سکون ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے

(iv) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(v) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صَرصَر، صبا ہو گئی ہے

**سوالات:**

(i) پہلے شعر میں 'تازہ انجم کے ظہور' کا مفہوم واضح کریں۔

(ii) ''اک شمع بجھائی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ بحوالہ شعر (ii)

(iii) کس کو سکون مل گیا ہے؟ بحوالہ شعر (iii)

(iv) نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟ بحوالہ شعر (iv)

(v) کس راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں بدل جاتی ہے؟ بحوالہ شعر (v)

(vi) شعر (v) کا مرکزی خیال لکھیے۔

ورق الٹیے

FBISE PAST PAPERS

ج۔ حصہ قواعد

درج ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔ (3 x 2 = 06)

(i) مطلع اور مقطع میں فرق ایک ایک مثال کے ساتھ واضح کریں۔

(ii) درج شعر میں قافیہ اور ردیف کی نشاندہی کریں۔

عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیرِ آزادی شہادت مستقل اک سرخیِ تحریرِ آزادی

(iii) "گھوڑا تیز رفتار ہے"۔ اس جملے کی ترکیبِ نحوی کریں۔

(iv) تشبیہ کے ارکان کی وضاحت ایک مثال کے ذریعے کیجیے۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔ (05)

(الف)۔ توپ کاپی میں آثارِ قدیمہ کے ایک عجائب گھر کے علاوہ فوجی عجائب خانہ بھی علیحدہ موجود ہے، جو "او قاف" کہلاتا ہے۔ اسلامی ترکی آرٹ، ادب اور نقاشی نیز مصوری کے بھی حیرت انگیز نمونے موجود ہیں۔ اسلامی علوم وفنون اور ثقافت کو آگے بڑھانے میں سلاجقہ ترک، بالخصوص عثمانی حکمرانوں کا کردار بہت نمایاں ہے۔ اُنھی کے علمی ذوق کی وجہ سے استنبول کا عجائب خانہ توپ کاپی، جہاں نوادر اور آثارِ قدیمہ کا مشہورِ عالم مرکز بنا، وہاں علم وفن کے بیش بہا ذخیروں اور نادر کتابوں کا بھی مخزن بنا۔

(ب)۔ مرزا صاحب کی زندگی بڑی سیدھی سادی تھی۔ کروفر یا ٹھاٹ باٹ سے کبھی نہیں رہے۔ گھر کی سواری ہم نے ان کے پاس کبھی نہیں دیکھی۔ معدے کے مریض تھے۔ پیدل زیادہ چلتے تھے۔ صبح ٹہلنے ضرور جاتے تھے۔ رات کو جلدی سو جاتے تھے۔ کھیل، تماشے، سینما، تھیٹر کچھ نہیں دیکھتے تھے۔ خدا کے فضل سے گھر کا آرام انھیں میّسر تھا۔ ان کی بیگم بھی ادبی ذوق رکھتی تھیں۔ دو ایک ناول ان کے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ اولاد سعادت مند، بیوی سلیقہ شعار، پنشن اتنی کہ بڑھاپے میں کسی کی محتاجی نہیں۔ کھانا سادہ، لباس سادہ، رہن سہن سادہ، پھر احتیاج ہو تو کس بات کی؟ قلبِ مطمئنہ کی دولت سے مالا مال تھے۔

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ (05)

(الف)۔
جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسنِ فطرت کا گواہ
ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ
لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو
جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بُو
دھوپ کے جُھلسے ہوئے رُخ پر مَشقت کے نشان
کھیت سے پھیرے ہوئے مُنھ، گھر کی جانب ہے رواں

(ب)۔
شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے
آہو نہ منہ نکالتے تھے سبزہ زار سے
آئینہ مہر کا تھا مکدّر غبار سے
گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بخار سے
گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر
بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

سوال نمبر ۵: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (05)

(الف)۔
بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے
وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے
آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا
رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(ب)۔
تھک ہار کر بیٹھے ہیں، سر کوئے تمنّا
کام آئے تو پھر، جذبۂ ناکام ہی آئے
باقی نہ رہے ساکھ اداؔ، دشتِ جنوں کی
دل میں اگر، اندیشۂ انجام ہی آئے

سوال نمبر ۶: "جھوٹ کی سزا" کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ (05)

یا

بلدیہ کے چیئرمین کے نام اپنے علاقے کی صفائی کی درخواست تحریر کریں۔

سوال نمبر ۷: دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں: (10)

الف۔ تندرستی ہزار نعمت ہے

خاکہ:

(i) تندرستی سب سے افضل نعمت (ii) بیماریوں سے نجات (iii) ورزش لازمی

(iv) تندرستی۔ محنت سے نہ کترانا (v) کم کھانا تندرستی کی نشانی

ب۔ محنت کی برکتیں

خاکہ:

(i) محنت ایک مسلسل عمل (ii) محنت کرنے والا اللہ کا دوست (iii) محنت عظمت و بلندی کا نشان

(iv) پاکستان۔ قائد اعظم کی محنت کا نشان (v) عزت و بلند مقام محنت کی بدولت



FBISE PAST PAPERS

13

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | 0 | 3 | 9 |

# اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** ____________

**Candidate Sign.** ______________

**Invigilator Sign.** ______________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | کس صنفِ سخن میں ہیئت اور موضوع کی کوئی پابندی نہیں ہوتی؟ | نظم | غزل | مرثیہ | قصیدہ |
| 2. | جملہ اسمیہ کے بنیادی اجزاء کتنے ہوتے ہیں؟ | دو | تین | چار | پانچ |
| 3. | ایسے الفاظ جن کے ایک سے زیادہ معنی ہوں کیا کہلاتے ہیں؟ | ہم آواز الفاظ | ہم قافیہ الفاظ | منفرد الفاظ | ذو معنی الفاظ |
| 4. | وہ فرضی کہانی جو مختصر، دلچسپ اور واقعاتی لحاظ سے زندگی کے کسی ایک پہلو پر روشنی ڈالے، کیا کہلاتی ہے؟ | مضمون | کہانی | ناول | افسانہ |
| 5. | درج شدہ میں سے حرفِ تشبیہ کی نشاندہی کریں۔ | مانند | کے لیے | چنانچہ | تمھارا |
| 6. | "میں نے بازار سے کتاب خریدی" مجاز مرسل کی کون سی قسم ہے؟ | جزو کہہ کر کل مرادلینا | ظرف کہہ کر مظروف مرادلینا | کل کہہ کر جزو مرادلینا | مظروف کہہ کر ظرف مرادلینا |
| 7. | استعارہ کے لفظی معنی کیا ہیں؟ | ادھار لینا | ادھار دینا | قرضہ لینا | مانگنا |
| 8. | "آمنہ نے کھانا کھایا"۔ اس جملے میں لفظ "کھانا" کیا ہے؟ | فعل تام | فعل مجہول | مفعول | اسم مفعول |
| 9. | "نعت" کس زبان کا لفظ ہے؟ | سنسکرت | عربی | لاطینی | ترکی |
| 10. | بناوٹ کے لحاظ سے "قطعہ" کس سے مشابہ ہے؟ | مسدّس | غزل | رباعی | نظم |
| 11. | "زمان ومکاں" مرکب کی کون قسم ہے؟ | مرکب عطفی | مرکب اضافی | مرکب توصیفی | مرکب اشاری |
| 12. | قواعد کی رُو سے کلام میں ایسے الفاظ لانا جو کسی قرانی آیت، تاریخی واقعہ، داستان، روایتی کہانی کی طرف اشارہ کریں، کیا کہلاتا ہے؟ | واقعہ نگاری | صنعتِ تلمیح | کنایہ | افسانہ |
| 13. | قسمت کے کھلونے ہیں اُجالا کہ اندھیرا<br>دل شعلہ طلب تھا سو بہرحال جلی ہوں<br>اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | صنعت تلمیح | صنعت تکرار | صنعت تعلیل | صنعت تضاد |
| 14. | نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | پرونا | کاتنا | پھٹنا | سجانا |
| 15. | پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت<br>جب اس راہ کی ابتدا ہوگئی ہے<br>قواعد کی رُو سے یہ شعر کیا ہے؟ | مطلع | ہم ردیف | مقطع | ہم قافیہ |



FBISE PAST PAPERS

14

# اردو(لازمی) ایس ایس سی - II

وقت: 2:40 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۲: **الف۔ حصہ نثر**

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھتا ہے تو غالباً اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبال کی باتیں پوچھ پوچھ کر اُس کا سر کھپاؤں گا لیکن میں نے عزم کر رکھا ہے کہ میں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر وہ واقعی علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں، تو یہ جوہر عشق اور مشک کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔ میری توقع پوری ہوتی ہے اور تھوڑی سی پریشان کُن خاموشی کے بعد علی بخش مجھے یوں گھورنے لگتا ہے کہ یہ عجب شخص ہے، جو ڈاکٹر صاحب کی کوئی بات نہیں کرتا۔ شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو یاد آتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب ایک بار، یہاں آئے تھے۔ یہاں پر ایک مسلمان تحصیلدار تھے، جو ڈاکٹر صاحب کے پکے مرید تھے، انھوں نے دعوت دی تھی۔ ڈاکٹر صاحب کو پلاؤ اور سیخ کباب بہت پسند تھے۔ آموں کا بھی شوق تھا۔ وفات سے کوئی چھے برس پہلے، جب ان کا گلا پہلی بار بیٹھا، تو کھانا پینا بہت کم ہو گیا۔

**سوالات:**

(i) مصنف کے خیال میں اس کے ساتھ سفر کرتے وقت علی بخش کو کیا وہم تھا؟

(ii) مصنف نے کیا عزم کر رکھا تھا؟

(iii) علی بخش کو مصنف کی کس بات پر حیرت ہوئی؟

(iv) شیخوپورہ سے گزرتے وقت علی بخش کو کیا یاد آیا؟

(v) درج بالا نثر پارہ کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(vi) ڈاکٹر صاحب کو کھانے میں کیا پسند تھا؟

(vii) "یہ جوہر عشق اور مشک کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا"۔ جملے کی وضاحت کریں۔

(viii) علامہ اقبال کا گلا پہلی بار کب بیٹھا اور اس کا کیا نقصان ہوا؟

(ix) اس نثر پارہ میں موجود مرکب عطفی اور مرکب اضافی کی دو، دو مثالیں تلاش کر کے لکھیے۔

**ب۔ حصہ شعر**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ اجزا کے جوابات لکھیں۔** (5 x 2 = 10)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | مہکی مہکی، روشن، پیاری پیاری نیاری | رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری |
| (ii) | حقیقت کھل گئی حسرت ترے ترکِ محبت کی | تجھے تو اب وہ پہلے سے بھی بڑھ کر یاد آتے ہیں |
| (iii) | یہی دنیا ہے بستی آنسوؤں کی | یہی دنیا تبسم زار بھی ہے |
| (iv) | جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تقریر آزادی | وہ آزادی میری نظروں میں ہے تحقیر آزادی |
| (v) | رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف دیکھیے | چیخنے لگتے ہیں اس پہ شام ہوتے ہی شغال |

**سوالات:**

(i) شعر نمبر 1 میں سجی ہوئی پھلواری سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) شعر نمبر 1 میں شاعر نے کون سی صنعت استعمال کی ہے؟

(iii) شعر نمبر 2 میں شاعر نے کس حقیقت کے کُھلنے کا ذکر کیا ہے؟

(iv) شاعر نے دنیا کو آنسوؤں کی بستی اور تبسم زار کیوں کہا ہے؟

(v) چوتھے شعر میں شاعر نے کس طرح کی آزادی کو تحقیر آزادی کہا ہے؟

(vi) شعر نمبر 5 شاعر نے کن رونقوں کی بات کی ہے؟

ورق الٹیے

FBISE PAST PAPERS

ج۔ حصہ قواعد

درج ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔ **(3 x 2 = 06)**

(i) غزل اور نظم میں فرق تحریر کریں۔

(ii) قافیہ کی مختصر وضاحت کریں۔ اور ایک شعری مثال دیں۔

(iii) جملہ معترضہ کیا ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

(iv) پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار  اُودے اُودے، نیلے نیلے، پیلے، پیلے پیر ہن  دیے گئے شعر میں ارکان تشبیہ الگ کریں۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۳: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔** **(05)**

**(الف)۔** قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہے اور ایک قوم کی تہذیب در حقیقت ان مردوں، عورتوں و بچوں کی شخصی ترقی ہے جن سے وہ قوم بنی ہے۔ قومی ترقی مجموعہ ہے شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری اور شخصی ہمدردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خود غرضی اور شخصی بُرائیوں کا۔۔۔۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے ان برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ ڈالیں اور نیست و نابود کر دیں تو یہ بُرائیاں کسی اور نئی صورت میں اس سے بھی زیادہ زور و شور سے پیدا ہو جائیں گی۔

**(ب)۔** ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے۔ اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے، نہ پہنچ سکتا ہے، لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خُدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

سوال نمبر ۴: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔** **(05)**

**(الف)۔**
رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے
ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے
ہے کوئی، ہنگامہ تیری تُربتِ خاموش میں
پَل رہی ہے اِک قوم تازہ اِس آغوش میں
تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور
دیدۂ انساں سے نا محرم ہے جن کی موجِ نُور

**(ب)۔**
محرم بھی ہے یہ ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم
کچھ کہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھُلا تیرا
چھُپتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام صبا تیرا

سوال نمبر ۵: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** **(05)**

**(الف)۔**
یُوں تو ہنگامے اُٹھاتے نہیں دیوانہ عشق
مگر اے دوست، کُچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں
رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شانِ رنگینیِ حُسنِ چمن آرا بھی نہیں

**(ب)۔**
دلوں کو فکر دو عالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے
خِرد کا نام جنوں پڑ گیا، جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حُسنِ کرشمہ ساز کرے

سوال نمبر ۶: ''بد دیانتی کی سزا'' کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ **(05)**

**یا**

''تفریحی سفر'' کی رُوداد تحریر کریں۔

سوال نمبر ۷: **دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں:** **(10)**

**الف۔ استاد کا احترام**

خاکہ:

(i) استاد کا اسلام میں مقام  (ii) استاد، احادیث اور اقوال کی روشنی میں  (iii) استاد کا احترام، بہترین جذبہ

(iv) معلمی پیشہ پیغمبری  (v) استاد، قوم کا محسن

**ب۔ موسم بہار**

خاکہ:

(i) چار موسم، اللہ کی نعمت  (ii) موسم بہار کی آمد  (iii) بہار زندگی کی علامت

(iv) مختلف لوگوں پر بہار کا اثر  (v) بہار شاعروں کی نظر میں



EBISE PASTPAPERS